# Sample Question Paper 2025-2026

| | |
|---|---|
| Subject | Urdu |
| Course | A |
| Code | 003 |
| Class | X |

Time: 3 Hours | Maximum Marks: 80

---

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصے ہیں جن میں **18** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) حصہ **'الف'** – 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے- **20** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'** – 'تحریری مہارت' کے حوالے سے - **25** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ 'ج'۔'عملی قواعد' کے حوالے سے - 20 نمبر کا ہے۔

(v) حصہ **'د'** – 'ادب' کے حوالے سے - **15** نمبر کا ہے۔

(vi) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

**Instructions:**

(i) This Question paper contains four Sections and 18 **Questions.**

(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.

(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.

(iv) Section - **C** 'Functional Grammar carries **20** marks.

(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.

(vi) **Attempt answer as per the instructions.**

## Section A (حصہ الف)

**سوال نمبر1۔** مندر جہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے **متعلق** سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ (5x1=5)

سرسید کہتے تھے کہ "شاہ صاحب اپنی خانقاہ سے کبھی نہیں اُٹھتے تھے اور کسی کے ہاں نہیں جاتے تھے۔ الا ماشاء اللہ صرف میرے والد پر جو غایت درجہ کی شفقت تھی اس لیے کبھی کبھی ہمارے گھر قدم رنجہ فرماتے تھے۔بسم اللہ ہونے کے بعد سرسید نے قرآن مجید پڑھنا شروع کیا۔ان کی ننھیال میں قدیم سے کوئی نہ کوئی استانی نوکر رہتی تھی۔سرسید نے استانی ہی سے جو ایک اشراف گھر کی پردہ نشین بی بی تھی، سارا قرآن ناظرہ پڑھا تھا۔وہ کہتے تھے "میرا قرآن ختم ہونے پر ہدیے کی مجلس جو زنانہ میں ہوئی تھی وہ اس قدر دلچسپ اور عجیب تھی کہ پھر کسی ایسی مجلس میں وہ کیفیت میں نے نہیں دیکھی۔" قرآن پڑھنے کے بعد وہ باہر مکتب میں پڑھنے لگے۔مولوی حمید الدین ایک ذی علم اور بزرگ آدمی ان کے نانا کے ہاں نوکر تھے جنہوں نے ان کے ماموں کو پڑھایا تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) بھولا (B) نیا قانون (C) سرسید کا بچپن (D) آزمائش

(ii) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) الطاف حسین حالی (C) محمد مجیب (D) راجندر سنگھ بیدی

(iii) بسم اللہ کے بعد سرسید نے کیا پڑھنا شروع کیا؟

(A) قرآن مجید (B) اخبار (C) ہندی (D) انگریزی

(iv) قرآن پڑھنے کے بعد وہ کہاں پڑھنے گئے؟

(A) اسکول میں (B) مدرسہ میں (C) کالج میں (D)مکتب میں

(v) مولوی حمید الدین نے کسے پڑھایا تھا؟

(A) ماموں کو (B) خالو کو (C) بھائی کو (D) بہن کو

**سوال نمبر2۔** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (5x1=5)

جدید ایجادات کے اس دور میں بھاپ کی طاقت کا وہ اصول جو یونانیوں نے معلوم کر لیا تھا اس کو مزید تحقیقات اور تجربہ کے بعد زیادہ مفید اور کارآمد بنایا گیا اور بھاپ کی طاقت سے چلنے والا سب سے بہتر انجن جیمس واٹ نے بنایا۔اس کی طاقت پچھلے انجن سے دس گنا زیادہ تھی۔1825ء میں اسٹیفن نے ایک بہت بڑا ریلوے انجن بنایا اور ریل گاڑیاں اس سے چلنے لگیں۔فرانس میں بھاپ سے چلنے والی کشتیاں بنائی گئیں۔انگلستان میں کارٹ رائٹ نے بھاپ سے چلنے والی کپڑا بننے کی مشین ایجاد کی۔اس کے علاوہ کھیت کاٹنے کی مشین، روئی صاف کرنے کی مشین جو بھاپ سے چلتی تھیں بنائی گئیں۔

(i) ایک بہت بڑا انجن کب بنایا گیا؟

(A) 1925 میں (B) 1725 میں (C) 1825 میں (D) 1852 میں

(ii) بھاپ کی طاقت کا اصول سب سے پہلے کس نے معلوم کر لیا تھا؟

(A) عربوں نے (B) ہندوستانیوں نے (C) امریکیوں نے (D) یونانیوں نے

(iii) بھاپ سے چلنے والی کشتیاں کس نے بنائیں؟

(A)چین نے (B)برطانیہ نے (C)فرانس نے (D)جاپان نے

(iv) بھاپ سے چلنے والی کپڑا بننے کی مشین کس ملک میں ایجاد ہوئی؟

(A)ہندوستان میں (B)قزاکستان میں (C)پاکستان میں (D)انگلستان میں

(v) بھاپ سے چلنے والا سب سے بہتر انجن کس نے بنایا؟

(A)بوناپارٹ نے (B) جیمس واٹ نے (C)رچرڈسن نے (D)کلائیولارا نے

**سوال نمبر3۔** مندر جہ ذیل درسی شعری حصہ کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھئے۔ (5x1=5)

ہوئی ہے رنگِ تغیر سے جو نمود اس کی وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی

کہیں قریب تھا، یہ گفتگو قمر نے سنی فلک سے عام اختر سحر نے سنی

سحر نے تارے سے سن کر سنائی شبنم کو فلک کی بات بتادی زمیں کے محرم کو

بھر آئے پھول کے آنسو پیام شبنم سے کلی کا ننھا سا دل خون ہو گیا غم سے

چمن سے روتا ہوا موسم بہار گیا

شباب سیر کو آیا تھا سو گوار گیا

(i) درج بالاشعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) جلوۂ دربار دہلی (B) حقیقت حسن (C) نیکی اور بدی (D) گرمی اور دیہاتی بازار

(ii) درج بالااشعار کس شاعر کے ہیں؟

(A) غالب (B) حالی (C) میر تقی میر (D) علامہ اقبال

(iii) پیام شبنم سے کس کے آنسو بھر آئے؟

(A) بلبل کے (B)گل کے (C)پھول کے (D)ستارے کے

(iv) غم سے کس کا ننھا سا دل خون ہو گیا؟

(A)گلاب کا (B)مینا کا (C)کلی کا (D)شبنم کا

(v) چمن سے روتا ہوا کون گیا؟

(A)باغباں (B)طوطا (C)موسم بہار (D)شاعر

**سوال نمبر4۔** مندرجہ ذیل غیردرسی شعری حصہ کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھئے۔ (5x1=5)

اے ہمالہ! اے فصیل کشور ہندوستاں چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسماں

تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشاں تو جواں ہے گردش شام و سحر کے درمیاں

ایک جلوہ تھا کلیم طور سینا کے لیے

تو تجلی ہے سراپا چشم بینا کے لیے

امتحان دیدۂ ظاہر میں کوہستاں ہے تو پاسباں اپنا ہے تو، دیوار ہندستاں ہے تو

مطلع اول فلک جس کا ہو وہ دیواں ہے تو سوئے خلوت گاہ دل دامن کش انساں ہے تو

برف نے باندھی ہے دستار فضیلت تیری سر

خندہ زن ہے جو کلاہ مہر عالم تاب پر

(i) مندرجہ بالا اشعار کس صنف شاعری سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A)غزل (B) نظم (C) قطعہ (D) رباعی

(ii) ان اشعار میں شاعر نے کس کی شان و شوکت بیان کی ہے؟

(A) ہمالیہ پہاڑ کی (B) کوہ طور کی (C) شام وسحر کی (D) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iii) گردش شام و سحر کے معنی ہیں۔

(A) پہاڑ کی چوٹی (B) دن رات کا چکر (C) پہاڑ کی برف (D) تینوں صحیح ہیں

(iv) دستار فضیلت کس نے باندھی ہے؟

(A) بادشاہ نے (B) امام نے (C) برف نے (D) ان میں سے کوئی نہیں

(v) امتحان دیدۂ ظاہر میں۔۔۔۔۔۔ ۔

(A) وہ دیواں ہے تو (B) دل نشیں ہے تو (C) کوہستاں ہے تو (D) صبح و شام ہے تو

## Section B (حصہ ب)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ (10)

(i) فضائی آلودگی۔

(ii) بے روزگاری۔

(iii) کتاب میلہ۔

(iv) قومی یکجہتی۔

**سوال نمبر 6۔** اپنے پرنسپل کے نام خط لکھ کر اپنی بہن کی شادی کے سلسلے میں تین دن کی چھٹی طلب کیجئے۔ (1x4=4)

**یا**

اپنے والد کو خط لکھ کر ان سے سالانہ فیس کی رقم بھیجنے کی درخواست کیجئے۔

**سوال نمبر 7۔** سبق "نیا قانون" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ (1x4=4)

**یا**

جوش کی نظم "گرمی اور دیہاتی بازار" کا خلاصہ لکھئے۔

**سوال نمبر 8۔** نظم "جلوۂ دربار دہلی" کا مرکزی خیال لکھئے۔ (1x3=3)

**یا**

شیخ محمد ابراہیم ذوق کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

**سوال نمبر 9۔** عظیم بیگ چغتائی کے افسانے "فقیر" کا خلاصہ لکھئے۔ (1x4=4)

## Section C (حصہ ج)

**سوال نمبر 10۔** وہ فعل جس کا اثر صرف فاعل تک ہی محدود رہے، یعنی وہ صرف اپنے فاعل کے ساتھ مل کر پورا ہو جاتا ہو، اسے کیا کہتے ہیں۔ تین مثالیں بھی لکھئے۔ (5)

**یا**

درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھئے اور زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسم لکھئے۔

(i) حامد نے خط لکھا۔

(ii) شمع امتحان میں اول آئی۔

(iii) سلیم کل لکھنؤ جائے گا۔

(iv) رضیہ سلطانہ باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔

(v) رحیم اپنا ہر کام وقت کی پابندی کے ساتھ کرتا ہے۔

**سوال نمبر 11۔** (i) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ (3+2=5)

ابن مریم ہوا کرے کوئی = میرے دکھ کی دوا کرے کوئی۔

(ii) کنایہ کی تعریف لکھئے اور اس کی ایک مثال بھی دیجئے۔

**سوال نمبر12۔** (i) کہاوت کسے کہتے ہیں۔مثال بھی لکھئے۔ (2+3=5)

(ii) درج ذیل میں کسی دو محاوروں کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجئے۔

(a) نو دو گیارہ ہونا۔

(b) خون سفید ہونا۔

(c) آستین کا سانپ ہونا۔

(d) چار چاند لگنا۔

**سوال نمبر13۔** حرف تاسف کسے کہتے ہیں؟ مع مثال لکھئے۔ (2)

**سوال نمبر14۔** غزل کے آخری شعر (جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے)کو کیا کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھئے۔ (3)

**یا**

عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں انہیں کیا کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھئے۔

## Section D (حصہ د)

**سوال نمبر15۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) رجنی خوشی کے مارے رات کو کیوں نہیں سو سکی؟

(ii) استاد منگو کون تھا اور اسے دنیا کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟

(iii) سر سید کو گاؤں میں جاکر رہنا کیوں پسند تھا؟

(iv) سپاہی سلمیٰ اور کشن کنور کی مشکیں کس کر شہر سے باہر کیوں لے جانا چاہتے تھے؟

**سوال نمبر16۔** درج ذیل میں سے صرف دوسوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) شاد عظیم آبادی کی غزل میں "مرغان قفس" سے کیا مراد ہے؟

(ii) اصغر گونڈوی نے آلام روزگار کو اپنے لئے کس طرح آسان بنایا؟

(iii) میر ببر علی انیس اپنی رباعی میں "خالی ظرف کی صدا" سے کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟

**سوال نمبر 17۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) عظیم بیگ چغتائی کو فقیروں سے کیوں بغض تھا؟

(ii) مصنف نے گلی ڈنڈے کو کھیلوں کا راجہ کیوں کہا ہے؟

(iii) آئی سی ایس بننے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی؟

**سوال نمبر18۔** درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (1x3=3)

غزل۔ افسانہ۔ نظم۔